# AKASHVANI NEWS SRINAGAR

Text of Urdu news Bulletin

**Time 07:30.......07:40 /PM**

Date: 01-August-2026

آداب
یہ آکاشوانی سرینگر ہے۔
خبروں کا بلیٹن لیکر میں سنجیو کمار
پہلے اہم خبروں کی سرخیاں۔

......................

✓ ۱ ـــــ وزیراعظم نریندر مودی نے آندھرا پردیش میں 5 ہزار 640 کروڑ روپے کی لاگت سے تعمیر کئے گئے گرین فیلڈ الوری سیتارمارا جیو بین الاقوامی ہوائی اڈے کا کیا افتتاح

✓ ۲ ـــــ لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے ایک اعلیٰ سطح کی میٹنگ کے دوران سلامتی صورتحال کا لیا جائزہ //دہشت پسندی کے خلاف کارروائیوں میں تیزی لانے اور سیکورٹی گرڈ کو مزید مستحکم کرنے کی دی ہدایت۔

✓ ۳ ـــــ دہشت پسندوں کے ہاتھوں کیلم کولگام میں دو غیر مقامی مزدوروں کی ہلاکت کی بڑے پیمانے پر مذمت //وزیر اعلیٰ نے متاثرہ کنبوں کے لئے دس 10 لاکھ روپے کی ایکس گریشیا کا کیا اعلان

اور

✓ ۴ ـــــ پردھان منتری کسان سمان ندی اسکیم کو سال 31-2030 تک توسیع دینے کو مرکزی کابینہ کی منظوری

......................

PM

وزیراعظم نریندر مودی نے ملک میں شہری ہوابازی کی توسیع کو اجاگر کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہوائی اڈوں کی تعداد 2014 میں 74 سے بڑھ کر اب ایک سو 66 تک پہنچ گئی ہے جبکہ UDAN اسکیم کے تحت عام شہریوں کیلئے ہوائی سفر سستہ بن گیا ہے۔ان باتوں کا اظہار وزیراعظم نے آج آندھرا پردیش کے بھوگاپُورم میں الُوری سیتارامارا جو بین الاقوامی ہوائی اڈے کے افتتاح کے بعد ایک عوامی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔انہوں نے کہا کہ حال ہی میں لانچ کی گئی UDAN اسکیم کے دوسرے مرحلے کے تحت ملک بھر کے ہوائی رابطوں میں مزید اضافہ ہوگا۔

_____V/O_____

بعد میں وزیراعظم نے آندھرا پردیش میں 18 ہزار کروڑ روپے مالیت کے کئی منصوبوں کا سنگ بنیاد رکھا جبکہ کئی ایک کا افتتاح بھی کیا۔

......................

PM. Nasha Mukt

وزیراعظم نریندر مودی کل ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے وکست بھارت سنکلپ ابھیان کے تحت نشہ مُکت یُوا پروگرام کا افتتاح کریں گے۔اس پروگرام میں ملک بھر کے 10 ہزار سے زائد مقامات سے تعلق رکھنے والے نوجوان شرکت کررہے ہیں۔نشہ مُکت یُوا پروگرام کے افتتاح کے ساتھ ہی ملک بھر میں منشیات کے خلاف سو ہفتوں پر محیط جن بھاگیہ داری Campaign کی شروعات ہوگی۔اس Campaign کے تحت ہر اتوار کو ملک بھر میں بیداری مہمات کا انعقاد ہوگا تاکہ منشیات سے پاک سماج تشکیل دینے میں عوامی شمولیت کو یقینی بنایا جاسکے۔

......................

LG meeting

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا کی صدارت میں آج سرینگر میں ایک اعلیٰ سطح کی جائزہ میٹنگ منعقد ہوئی، جس میں سیکورٹی منظرنامے کا جائزہ لیا گیا۔ایل جی نے تمام ڈپٹی کمشنروں اور ضلع پولیس سربراہوں کو ہدایت دی کہ وہ موجودہ ایس او پیز کا وسیع جائزہ لیں تاکہ جموں وکشمیر کے باہر کے مزدوروں کو تحفظ حاصل ہوسکے۔انہوں نے ہدایت دی کہ ملک کی دیگر ریاستوں اور یوٹیز سے تعلق رکھنے والے تمام ورکروں کو ایمپلائرز کی طرف سے انشورنس فراہم کیا جانا چاہئے اور اُن کی تفاصیل ضلع حکام اور پولیس کے پاس

موجود ہونی چاہئے۔ ایل جی نے دہشت پسندی کے خلاف کارروائی میں تیزی لانے اور دہشت پسندوں کو ختم کرنے پر بھی زور دیا۔ انہوں نے حکام کو ہدایت دی کہ کولگام دہشت گردانہ حملے کے دوران مارے گئے افراد کے کنبوں کو ہر ممکن مدد فراہم کریں۔ میٹنگ میں جاری سالانہ شری امرناتھ جی یاترا کے سلسلے میں کئے جا رہے سیکورٹی انتظامات اور سیکورٹی گرڈ کو مزید مستحکم کرنے سے متعلق امور پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ میٹنگ میں چیف سیکریٹری اٹل ڈلو، ڈی جی پی نلن پربھات، پرنسپل سیکریٹری داخلہ چندر یکر بھارتی اور کئی دیگر اعلیٰ افسروں نے بھی شرکت کی۔

.......................

LG Condemnation

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے کولگام میں مزدوروں پر کئے گئے دہشت گردانہ حملے کی مذمت کی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں ایل جی نے کہا کہ انہوں نے ڈائریکٹر جنرل پولیس اور سیکورٹی کے دیگر اعلیٰ اہلکاروں کے ساتھ بات کی۔ انہوں نے حفاظتی عملے کو ہدایت دی ہے کہ وہ اپنی کارروائیوں میں تیزی لاکر ان دہشت گردوں کو کیفر کردار تک پہنچائے۔ انہوں نے اس حملے میں مارے گئے 2 مزدوروں کے لواحقین کے ساتھ تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا ہے۔

.......................

CM Ex-gratia

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے بھی کولگام میں مزدوروں کی ہلاکت کی شدید مذمت کرتے ہوئے متاثرہ خاندانوں کے ساتھ تعزیت اور یکجہتی کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے لواحقین کیلئے وزیر اعلیٰ امدادی فنڈ سے 10 لاکھ روپے فی کس ایکسگریشیا ریلیف کا اعلان کیا ہے۔ یہ امداد ضلع انتظامیہ کی جانب سے فراہم کئے جانے والے فی کس 6 لاکھ روپے کی فوری مدد کے علاوہ ہوگی۔ وزیر اعلیٰ نے سوگوار کنبوں کو یقین دلایا کہ مشکل کی اس گھڑی میں حکومت ان کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑی ہے۔

.......................

National Conference

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے کلم کولگام میں دو غیر مقامی مزدوروں کی ہلاکت کی مذمت کی ہے۔ انہوں نے اس واقعے پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے ان ہلاکتوں کی تحقیقات کا مطالبہ کیا ہے۔ دریں اثنا نیشنل کانفرنس کی کمیونیکیشن ونگ کا ایک اجلاس آج پارٹی ہیڈکوارٹر سرینگر میں ایم ایل

اے زڈی بل تنویر صادق کی صدارت میں منعقد ہوا جس میں پارٹی کی میڈیا اور سوشل میڈیا حکمت عملی کا تفصیل سے جائزہ لیا گیا۔

......................

سنیل مذمت

قانون ساز اسمبلی میں حزب اختلاف لیڈر سنیل شرما نے بھی کولگام میں پیش آئے دہشت گردی کے واقعے کی سخت مذمت کی ہے۔ایک بیان میں انہوں نے اس حملے کو بزدلانہ حرکت اور انسانیت پر حملے سے تعبیر کیا۔انہوں نے کہا کہ قصورواروں کے خلاف سخت سے سخت کارروائی کی جانی چاہیئے۔

......................

سنیل یکجہتی

دریں اثنا سنیل شرما نے آج بی جے پی کے سٹیٹ جنرل سیکرٹری انور خان کے ہمراہ کولگام کا دورہ کیا جہاں انہوں نے مقامی انتظامیہ اور مارے گئے غیر ریاستی مزدوروں کے سوگواران سے ملاقات کر کے ان کی ڈھارس بندھائی۔ اس موقعے پر سنیل شرما نے مارے گئے غیر ریاستی مزدوروں کی آبائی ریاست کے وزیر اعلیٰ کے ساتھ ٹیلی فون پر بات کر کے ان کے ساتھ تعزیت کا اظہار کیا۔ PCR

......................

Altaf Thakur

بی جے پی جموں وکشمیر کے ترجمان الطاف ٹھاکر نے بھی 2 غیر مقامی مزدوروں کی ہلاکت پر دکھ کا اظہار کرتے ہوئے اس واقع کی مذمت کی ہے۔اننت ناگ میں آج ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اُن کی پارٹی پورے اننت ناگ ضلع میں یوم آزادی کے موقعے پر ریلیوں کا انعقاد کرے گی۔

......................

Kulgam Killings

جیسا کہ پہلے ہی خبر دی جا چکی ہے کہ کیلم کولگام میں کل شام دہشت پسندوں نے دو غیر مقامی مزدوروں پر گولیاں چلائیں، اُن میں سے کل شام کو ہی ایک مزدور ہسپتال میں دم توڑ بیٹھا جبکہ دوسرا مزدور آج صبح ہسپتال میں زخموں کی تاب نہ لا کر چل بسا۔

......................

LG Appointment letter

دریں اثناء لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے آج لوک بھون سرینگر میں جموں وکشمیر پولیس کے شہید ہیڈ کانسٹیبل عاشق حسین قریشی کے فرزند ابسار عاشق قریشی کو تعیناتی کا لیٹر سونپا۔ایل جی نے 22 جولائی کو اننت ناگ میں دہشت گردانہ حملے میں مارے گئے ہیڈ کانسٹیبل عاشق حسین قریشی کو خراج عقیدت ادا کیا۔انہوں نے لواحقین کو ہر ممکن مدد فراہم کرنے کا یقین دلایا۔اس سے پہلے ایل جی نے لاپورہ بیروہ بڈگام کا دورہ کر کے مرحوم کے لواحقین کے ساتھ تعزیت کی تھی۔اسی دوران ایل جی نے جموں وکشمیر کے شہید انسپیکٹر مسرور علی وانی کی اہلیہ انشاہ نذیر کو بھی Compassionate بنیادوں پر تقرر نامہ سونپا۔ ای جی نے کنبے کو انتظامیہ کی طرف سے ہر ممکن مدد کا یقین دلایا۔

......................

LG Condolences

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے لوک بھون جموں میں کام کر رہے اُتم سنگھ نامی ایک ملازم کے فوت ہونے پر دکھ کا اظہار کیا ہے۔ایل جی نے ان کے لواحقین کے ساتھ تعزیت اور یکجہتی کا اظہار کیا ہے۔

......................

LG-Shaheen

جنتادل یونائیٹیڈ جموں وکشمیر کے صدر جی ایم شاہین نے آج لوک بھون سرینگر میں لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا کے ساتھ ملاقات کی۔انہوں نے یوٹی سے متعلق کئی سماجی، اقتصادی اور ترقیاتی امور پر ایل جی کے ساتھ تبادلہ خیال کیا۔ایل جی نے اجاگر کئے گئے تمام تر مسائل کو حل کرنے کیلئے انتظامیہ کی طرف سے فوری اقدامات کرنے کی یقین دہانی کرائی۔

......................

PSC

جموں وکشمیر پبلک سروس کمیشن کے ایک وفد نے آج کمیشن کے چیئرمین ارون کمار چودھری کی قیادت میں لوک بھون سرینگر میں لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا کے ساتھ ملاقات کر کے انہیں سال 26-2025 سے متعلق کمیشن کا 67واں سالانہ رپورٹ پیش کیا۔رپورٹ میں اہم انتظامی اصلاحات، میرٹ کی بنیاد پر کی گئی معیاد بند اور شفاف تقرریوں کے بارے میں تفصیلی جانکاری دی گئی ہے۔دریں اثنا جموں وکشمیر کے پرنسپل اکاونٹنٹ جنرل آڈٹ جنئے پرکاش نارائن سنگھ نے بھی آج ایل جی منوج سنہا کے ساتھ ملاقات کر کے انہیں قانون ساز اسمبلی میں پیش کرنے کی خاطر Comptroller and Auditor جنرل آف انڈیا کا رپورٹ پیش کیا۔

......................

**Break**

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سن رہے ہیں۔
خبریں آپ آکاشوانی کے موبائیل اپلی کیشن
News on AIRاورDTHپر بھی سماعت کرسکتے ہیں۔

......................

Yatra

سرینگر۔جموں قومی شاہراہ مرمتی کام کے پیش نظر آج بھی ٹریفک کیلئے بند رہی۔ادھر سالانہ امرناتھ یاترا کا کوئی نیا قافلہ آج جموں سے وادی کی طرف روانہ نہیں ہوا۔تاہم بال تل سے یاترا حسب معمول جاری ہے۔آج دن کے تین بجے تک مزید 7ہزار980یاتریوں نے پوتر گپھا میں حاضری دی۔

......................

Javid Dar

دیہی ترقی اور پنچایتی راج کے وزیر جاوید احمد ڈار نے جموں میں ایک میٹنگ کے دوران صوبے میں عملائے جارہے فلیگ شپ پروگراموں اور ترقیاتی پروجیکٹوں کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔خاص طور سے جی رام جی، PMAY-G ، ایس بی اے ایم ۔جی، RGSA، آئی ڈبلیو ایم پی اور NRLMاسکیموں کی عمل آوری پر تفصیل سے تبادلہ خیال کیا۔وزیر موصوف نے ان اسکیموں کی عمل آوری میں تمام سطحوں پر شفافیت اور جوابدہی لانے پر زور دیا۔

......................

Kissan Scheme

مرکزی کابینہ نے پردھان منتری کسان سمان نِدھی سکیم کو مالی سال 2030-31 تک توسیع دینے کو منظوری دی ہے۔پانچ برسوں کے دوران سکیم کی عمل آوری کیلئے 3 عشاریہ ایک پانچ لاکھ کروڑ روپے مختص کئے گئے ہیں۔

......................

Judicial Academy

جموں وکشمیر اور لداخ ہائیکورٹ کے قائمقام چیف جسٹس جسٹس سنجیو کمار کی سربراہی اور جموں وکشمیر اور لداخ ہائیکورٹ کے جج و جموں وکشمیر جوڈیشل اکیڈمی کے گورننگ کمیٹی کے چیئرمین جسٹس راجنیش اوسوال

کی نگرانی میں جموں وکشمیر جوڈیشل اکیڈمی نے سرینگر میں نئے تعینات کئے گئے سول ججوں کیلئے Pre Appointment انڈکیشن ٹریننگ پروگرام کا انعقاد کیا۔اس موقعے پر عدلیہ کے کئی جج صاحبان اور عدلیہ سے جڑی کئی دیگر اہم شخصیات موجود تھیں اور مقررین نے شرکا کو جوڈیشل ذمہ داریوں کے مختلف پہلوؤں سے روشناس کرایا۔

......................

Kishtwar

کشتواڑ ضلعے کے چھاترو علاقے میں آج صبح بادل پھٹنے کی وجہ سے آئے اچانک سیلاب سے اسکولوں کو بند کرنا پڑا۔آکاشوانی کے نمائندے کے مطابق موسلا دھار بارش سے چناب وادی میں عام زندگی متاثر ہوئی جس کی وجہ سے حکام نے کشتواڑ، ڈوڈہ اور رام بن اضلاع میں اسکول بند کردیئے تاہم اسکولوں کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ آن لائن کلاسوں کا اہتمام کریں۔اس دوران کشتواڑ ۔ چھاترو ۔ سنتھن قومی شاہراہ بند کردی گئی ہے۔مرکزی وزیر جتیندر سنگھ نے بادل پھٹنے کی اطلاع ملتے ہی کشتواڑ کے ڈپٹی کمشنر سے ٹیلی فون پر بات کرکے ان سے وہاں کی صورتحال کے بارے میں جانکاری حاصل کی۔

......................

Film Festival

جموں وکشمیر میں 7 سے 10 ستمبر تک سرینگر میں منعقد ہونے والے پہلے بین الاقوامی فلم فیسٹیول IFFJK میں شرکت اور فلموں کے اندراج کیلئے آج آخری دن ہے فلمیں رات 12 بجے تک داخل کی جاسکتی ہے۔میلے کیلئے اب تک 50 ممالک سے 9سو سے زیادہ فلمیں موصول ہوچکی ہیں۔

......................

Building Permission

ایک اہم پیش رفت کے تحت حکومت جموں کشمیر نے بلڈنگ پرمشن کیلئے یکساں فیس نظام متعارف کیا ہے۔ ایک سرکاری حکمنامے کے مطابق فیس کا یہ نیا نظام یوٹی بھر میں تمام میونسپل کارپوریشنوں،میونسپل کونسلوں،میونسپل کمیٹیوں اور ڈیولپمنٹ اتھارٹیز کے حدود میں آنے والے علاقوں کیلئے لاگو ہوگا۔نئے نظام کے تحت سبھی علاقوں میں تعمیراتی ڈھانچوں کیلئے اجازت ناموں کی حصولیابی کا عمل بھی اب یکساں ہوگا۔

......................

NSD

آکاشوانی سے ہرشام 6 بجکر 25 منٹ پرنشر ہونے والے کشمیری خبروں کے قومی بلیٹن کے نشریے کا وقت تبدیل کر دیا گیا ہے ۔ یہ بلیٹن اب 4 اگست منگلوار سے ہر دن شام 6 بجکر 15 منٹ پر نشر ہوا کرے گا۔

......................

President

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے امتحانات میں غلط طور طریقوں کی روکتھام سے متعلق 2026 بل کو منظوری دی ہے ۔اس بل کو پارلیمنٹ میں پچھلے ماہ کی 30 تاریخ کو منظوری دی گئی تھی ۔اس قانون کا مقصد سخت سزائیں مقرر کر کے فاسٹ ٹریک عدلیہ قائم کر کے امتحانات کے نظام میں غلط طور طریقوں کی روکتھام کرنا ہے ۔

......................

انکم ٹیکس

انکم ٹیکس محکمہ نے کہا ہے کہ سال 27-2026 کیلئے 31 جولائی تک 5 کروڑ 90 لاکھ انکم ٹیکس ریٹرن داخل کئے گئے ہیں ۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں محکمہ نے ٹیکس ادا کرنے والوں کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ اُن کے اعتماد اور بروقت ٹیکس ادا کرنے سے ملک کی ترقی کو دوام حاصل ہوتا ہے ۔

......................

Ajit Doval

قومی سلامتی کے مشیر اجیت ڈوول کو آج پونے میں منعقدہ ایک تقریب میں وزیر داخلہ امت شاہ نے لوک مانیہ تلک نیشنل ایوارڈ 2026 عطا کیا۔ یہ اعزاز انہیں ملک کی قومی سلامتی کو مزید استحکام بخشنے کیلئے ان کے کلیدی رول کو سراہتے ہوئے لوک مانیہ بال گنگادھر تلک کی 106 ویں برسی کے موقعے پر دیا گیا۔

......................

LPG

تیل مارکیٹنگ کمپنیوں نے آج 19 کلو گرام کے کمرشل LPG سلنڈر کی قیمت میں تقریباً 200 روپے کی کمی کی ہے ۔نئی قیمت کا اطلاق آج سے ہو گیا ہے ۔

......................

Urs

بلند پایہ ولی حضرت نجم الدین احمد الکبریٰؒ کا سالانہ عرس آج منایا گیا۔اس سلسلے میں تاریخی خانقاہ معلیٰ سرینگر میں واقع حضرت میر سید علی ہمدانی رحمتہ اللہ علیہ کے آستان عالیہ پر ایک بڑا اجتماع منعقد ہوا جس میں کافی تعداد میں عقیدت مندوں نے شرکت کی۔نماز ظہر کے بعد ختمات المعظمات، درود واذ کار اور اوراد خوانی کی روح پرور مجالس آراستہ ہوئیں۔

President CWG

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے گلاسگو دولت مشترکہ کھیل 2026 میں خواتین کے 57 کلو گرام جوڈو مقابلے میں چاندی کا تمغہ جیتنے پر بھارتی کھلاڑی یامنی موریہ کو مبارکباد دی ہے۔ایک سوشل میڈیا پیغام میں صدرِ جمہوریہ نے کہا کہ یامنی کی اس کامیابی کے ساتھ بھارت نے ان کھیلوں میں جوڈو کا تیسرا تمغہ حاصل کیا ہے۔ادھر وزیر اعظم نریندر مودی نے بھی یامنی موریہ کو جوڈو کھیل میں چاندی کا تمغہ جیتنے پر مبارک باد پیش کی ہے۔اپنے سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر اعظم نے امید ظاہر کی کہ یامنی کی یہ کامیابی مزید نوجوانوں کو اس کھیل کی طرف راغب کرے گی۔

......................

موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے 24 گھنٹوں کے دوران اکثر مقامات پر ہلکی سے درمیانہ درجے کی بارش کے یا گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے کا امکان ہے۔ سرینگر میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 28.3 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 18.5 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔جموں میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 33.5 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 24.8 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔ سرینگر میں کل طلوع آفتاب صبح 5 بجکر 43 منٹ اور غروب آفتاب شام 7 بجکر 31 منٹ پر ہوگا۔

......................

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔

خدا حافظ۔

......................